23/01/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

منوج سنہا

ں ، مفکروں اور سماجی لیڈروں سے کہا ہے کہ وہ دل و دماغ کے اتحاد کے ۂلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے روحانی رہنماو□ لئے کام کر کے قومی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں ۔ وہ اتر پردیش کے پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میں شری مد بھگوت سماگم کی تقریب میں اظہار خیال کر رہے تھے ۔

منوج سنہا نے کہا کہ مہا کمبھ بھارت کی روحانی ثقافت ، تمدن اور روایات کی ایک علامت ہے ،جو بھائی چارے ، مساوات اور عالمی اقدار کی تحریک دیتا ہے ۔

راجوری

ں میں مزید تین افراد پر اسرار بیماری کے شکار ہو گئے ہیں جنہیں علاج کے لئے اسپتال ۂراجوری ضلع کے بڈھال گاو□ میں داخل کرایا گیا ہے ۔

ں کو ایک ممنوعہ علاقہ قرار دیا گیا ہے ، جہاں لوگوں کے جمع ہونے پر ۂیہ خبر پہلے ہی دی جا چکی ہے کہ متاثرہ گاو□ پابندیاں عائد کی گئی ہیں ۔ حالانکہ اس معمے کو حل کرنے کے لئے وسیع پیمانے پر تحقیقات جاری ہے ۔

سکینہ ایتو

صحت ، تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے ایک ورچول میٹنگ کے ذریعے کولگام ضلع میں بجلی کے موجودہ منظر نامے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں بجلی کی سپلائی شیڈول کے مطابق یقینی بنائیں ۔ انہوں نے ساتھ ہی بجلی کے شعبے میں ایمرجنسی کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ٹرانسفارمروں کا بفر سٹاک دستیاب کرانے کی بھی تاکید کی ۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے سول سیکریٹریٹ جموں میں ایک تفصیلی میٹنگ کے دوران محکمہ جنگلات کے سبھی سیکٹروں کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں خاص طور پر فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ کی مختلف اکائیوں میں انسانی وسائل کے منیجمنٹ پر تفصیلی تبادلہ خیال ہو ا، جس دوران وزیر موصوف نے محکمے کی اِن سروس اور خالی اسامیوں کی تفصیلات طلب کیں ۔

یوم جمہوریہ

آنے والے یوم جمہوریہ کے سلسلے مینجموں کشمیر بھر میں سول انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی جانب سے معقول انتظامات کئے گئے ہیں ۔ یو ٹی سطح کی تقریب جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم مینمنعقد ہوگی جہاں لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا قومی جھنڈ ا لہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے ۔اس تقریب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مہمان خصوصی ہوں گے۔

ادھر کشمیر وادی میں جشن جمہور کی تقریبات کو احسن طریقے پر منانے کیلئے سلامتی کے فعال انتظامات کئے گئے ہیں۔ وادی میں صوبائی سطح کی تقریب سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں منعقد ہوگی ۔

پولیس

*.... پولیس کی طرف سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز اونتی پورہ کے تربیتی مرکز میں فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق پانچ روزہ ورکشاپ منعقد کیا گیا ۔ پولیس افسروں اور اہلکاروں کی تربیت سازی کے لئے اس پروگرام میں متعلقہ تحقیقاتی افسروں نے بھی شرکت کی ۔

*.... اُدھر ہندواڑہ پولیس کی جانب سے بچھر وارہ کرالہ گنڈ میں عام لوگوں خاص کر نوجوانوں کے لئے نئے فوجداری قوانین کے بارے میں ایک جانکاری پروگرام منعقدکیا گیا ۔ پروگرام کے دوران پولیس افسروں نے نئے قوانین کے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا ۔

*.... دریں اثناءکولگام پولیس کی جانب سے بنی مُلہ دیوسر میں پولیس کمیونٹی پارٹنرشپ گروپ کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کے دوران پولیس نے عام لوگوں کی شکایات اور دیگر مسائل کا بر سر موقع جائزہ لیا ۔ اس موقعے پر دیگر افسروں کولگام ساحل سرنگل بھی موجو دتھے ۔ SSP کے علاوہ

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سودنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جاری ہے ۔ طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آکر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

...........(Patient)....Byte...........

کھیلو انڈیا

لداخ میں آج سے کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کا آغاز ہو رہاہے ، جس کا افتتاح کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ کر رہے ہیں ۔ پانچ روز تک جاری رہنے والی وِنٹر گیمز کے اس ایڈیشن میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی نو ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں ۔

کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کے اس ایڈیشن میں آئس ہاکی اور آئس سکیٹنگ کے مقابلے ہوں گے ۔ دوسرے ایڈیشن کی میزبانی 22 سے 25 فروری تک جموں کشمیر کرے گا ۔ اس ایڈیشن میں اسکیئنگ جیسے برفانی کھیل کھیلے جائیں گے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ اُدھر سرینگرکرگل روڑ // بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ